## پاکستان ہاکی اوراسکوائش ٹیم کوایشین گیمز کے فائنل میں شاندار کامیابی پر الطاف حسین کی دلی مبارکباد

لندن۔۔۔25نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایشین گیمز میں پاکستان ہاکی ٹیم کے کھلاڑی کی فائنل میں تاریخی کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے ہاکی ٹیم کے کوچ، کپتان اور تمام کھلاڑیوں کو فائنل میں شاندار کھیل پیش کرنے اور تاریخی کامیابی پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ہاکی ٹیم کی 20سال بعد ایشین چمپئن بننا ایک بڑی کامیابی ہے جس نے نہ صرف ملک بلکہ پوری قوم کا سر فخر سے بلند کردیا ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہاکی ٹیم نے آج جس طرح متحد ہوکر اور جذبہ حب الوطنی کا مظاہر کیا ہے وہ قابل ستائش وقابل تحسین ہے۔انہوں نے امید ظاہر کی ہے کہ ہاکی ٹیم کی طرح دیگر شعبہ سے تعلق رکھنے والے کھلاڑی بھی اسی طرح قومی جذبہ سے کھیل کا مظاہرہ کرکے اپنے کھوئے ہوئے اعزازات کو دوبارہ حاصل کرنے کی کوشش کریں گے اور ملک وقوم کا نام روشن کریں گے۔جناب الطاف حسین نے ایک بار پھر پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر قاسم ضیاء اور سیکریٹری آصف باجوہ اور پاکستان ہاکی ٹیم کے کوچ وکپتان سمیت پوری ٹیم کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔دریں اثناء جناب الطاف حسین نے ایشین گیمز میں اسکوائش کے فائنل میں پاکستانی کھلاڑیوں کو گولڈ میڈل حاصل کرنے پر دلی کی گہرائیوں سے مبارکباد دی ہے۔

## پاکستان ہاکی ٹیم کی ایشین گیمز میں 20سال بعد فائنل میں عمدہ کامیابی پر واسع جلیل کی مبارکباد

کراچی۔۔۔25،نومبر 2010ء

پاکستان ہاکی فیڈریشن کے سینئر وائس پریذیڈنٹ وکراچی ہاکی ایسوسی ایشن کے صدر واسع جلیل اوران کے اعزازی سیکریٹری فاروق خان نے پاکستان ہاکی ٹیم کوایشین گیمز کے فائنل میں عمدہ کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان ہاکی ٹیم کی ایشین گیمز میں 20سال بعد فائنل میں کامیاب سے ہمکنار ہوئی ہے جوکہ ملک وقوم کیلئے خوش آئند بات ہے اوراس کھیل میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرکے ہاکی ٹیم نے ملک وقوم کوایک انمول تحفہ دیا ہے۔

## ایم کیوایم خواتین پر تشدد کے خلاف ہے اورانہیں معاشرے میں عزت واحترام کادرجہ دینا چاہتی ہے،شعبہ خواتین

## خواتین پر تشدد کے خلاف پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی دن کے موقع پر بیان

کراچی۔۔۔25،نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کی انچارج ورکن قومی اسمبلی محترمہ کشورزہرااور دیگر اراکین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم خواتین پر تشدد کے خلاف ہے اورانہیں معاشرے میں عزت واحترام کادرجہ دینا چاہتی ہے۔خواتین پر تشدد کے عالمی دن کے موقع پر ایم کیوایم شعبہ خواتین کی ارکان نے کہا کہ کاروکاری جیسی فرسودہ ظالمانہ رسومات معاشرے پر کلنگ کا ٹیکہ ہیں جس کے ذریعے خواتین کا استحصال کیا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم واحد جماعت ہے جس نے قومی اسمبلی سے نسواں بل پاس کرواکر ثابت کردیا کہ وہ خواتین پر نہ صرف تشدد کے خلاف ہے بلکہ خواتین کے حقوق اورانہیں معاشرے میں برابری کا درجہ دلانے کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے خواتین کیلئے ایک مضبوط سائبان کا کردارادا کیا ہے اوراپنے قیام کے روز سے ہی بلاامتیاز رنگ ونسل مذہب اورتمام خواتین کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے،قائد تحریک جناب الطاف حسین خواتین کے حقوق کے تحفظ اورانہیں معاشرے میں عزت واحترام کا درجہ دینے کیلئے جدوجہد کررہے ہیں اوریہی وجہ ہے کہ آج ایم کیوایم کی جدوجہد میں خواتین کا اہم کردار ہے۔انہوں نے کہا کہ خواتین کسی بھی معاشرے میں اہم ستون کی حیثیت رکھتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے خواتین کے ساتھ ناروا سلوک کیخلاف ایوانوں میں خواتین کودرپیش مسائل کواجاگر کیا جس کا سہرا قائد تحریک جناب الطاف حسین کے سرجاتا ہے جنہوں نے خواتین کومعاشرے کاایک اہم رکن سمجھتے ہوئے انکے حقوق کیلئے اپنا کردارادا کیااورخواتین پر تشدد کے خلاف ہرسطح پر آواز کو بلند کی ہے۔

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی۔۔۔25،نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر شعبہ خواتین یونٹ 82 کی کارکن محترمہ حسینہ امین بی بی کی والدہ محترمہ دل افروز، اے پی ایم ایس اوشعبہ گہوارۂ ادب کے کارکن کامران عثمان کے والد محمد عثمان اور ایم کیوایم اورنگی سیکٹر یونٹ 118-B کے کارکنان عاطف رضا اور عامر کے والد رضا احمد ریاض کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوارن کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا فرمائے۔(آمین)

☆☆☆☆☆